B.Ed. /P - I /April-May 2015

April/May 2015ء اپریل/مئی | B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ | (Annual Exams) سالانہ امتحان

پہلا پرچہ : ابھرتے ہوئے ہندوستانی سماج میں تعلیم

Paper - I : Education in Emerging Indian Society

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے | Maximum. Marks 100 : جملہ نشانات

793

حصہ A

10 x 6 = 60

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل 10 مختصر جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (۱۵) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 6 نشانات مقرر ہیں۔

.1 (الف) فلسفہ کو تمام علوم کی ماں کہا جاتا ہے؟ کیوں؟

یا

(ب) تاحیات تعلیم (Life-long Eduaction) کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔

.2 (الف) تعلیم اور فلسفہ ایک ہی سکے کے دورخ ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) حق برائے تعلیم ایکٹ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

.3 (الف) سماجی تبدیلی سے کیا مراد ہے؟

یا

(ب) ہندوستان میں مسلمانوں کے عہد حکومت میں نظام تعلیم کی کیا خصوصیات تھیں؟

.4 (الف) وڈز ڈسپاچ (Wood's Despatch 1854) کی کوئی چھ اہم سفارشات بیان کیجیے۔

یا

(ب) مولانا آزاد نے سائنس کی تعلیم اور خواتین کی تعلیم پر کیوں زور دیا؟

.5 (الف) تعلیم اور جدیدیت میں کیا تعلق پایا جاتا ہے؟

یا

(ب) فلسفہ تصوریت کے اہم اصولوں کو بیان کیجیے۔

.6 (الف) فلسفہ عملیت (Pragmatism) کے حوالے سے مقاصد تعلیم کا تعین کیجیے۔

یا

(ب) تعلیم کے وسیع تر مفہوم کا اجمالی جائزہ پیش کیجیے۔

7. (الف) روسو کے تعلیمی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) ''تعلیم ایک اہم انسانی سرمایہ ہے'' وضاحت کیجیے۔

8. (الف) تعلیمی سماجیات کی کوئی دو تعریفیں لکھیے۔

یا

(ب) ثقافت (Culture) کے کوئی تین افعال لکھیے۔

9. (الف) گاندھی جی نے بچہ کی ابتدائی تعلیم میں کن کن چیزوں کو نصاب میں شامل رکھنے پر زور دیا؟

یا

(ب) ''اسکول کو ایک مختصر سماج کہا جاتا ہے۔'' کیوں؟

10. (الف) کوٹھاری کمیشن نے تعلیم نسواں کے تعلق سے کیا نظریات پیش کیے؟

یا

(ب) دستور ہند میں مساوات (Equality) کا تصور کس طرح پیش کیا گیا ہے؟

حصہ B **2 x 20 = 40**

نوٹ: (1) **مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔**

(2) **ہر سوال کا جواب 4 صفحات پر مبنی ہو اور 40 سطور سے زائد نہ ہوں۔**

(3) **ہر سوال کے 20 نشانات مختص ہیں۔**

11. (الف) مولانا ابوالکلام آزاد کو جدید ہندوستانی تعلیم کا معمار کہا جاتا ہے؟ کیوں؟

یا

(ب) ثقافت (Culture) کی کوئی پانچ خصوصیات لکھیے۔ ثقافت کو قائم رکھنے اور مثبت تبدیلی لانے میں تعلیم کیا کردار ادا کرتی ہے؟

12. (الف) حکومت ہند کی پالیسی ''تعلیم سب کے لیے'' پر آپ کی ریاست میں کس طرح عمل آوری ہو رہی ہے؟ اس پالیسی کو مزید بہتر بنانے آپ کون سے اقدامات تجویز کریں گے؟

یا

(ب) معاشیات تعلیم سے کیا مراد ہے؟ اساتذہ کے لیے معاشیات تعلیم کے بنیادی پہلوؤں کو جاننا کیوں ضروری ہے؟

☆☆☆